السنن الکبریٰ بیہقی

مؤلف

للامام ابی بکر احمد بن الحسین البیہقی

المتوفی ۴۵۸ ہجری

مترجم

حافظ ثناء اللہ

نظرثانی

مولانا افتخار احمد

جلد نہم

حدیث: ۱۳۸۴۵ — ۱۵۶۰۴

مکتبہ رحمانیہ

اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

سُنن الکبریٰ بیہقی (مترجم)

وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا

سُنن الکُبریٰ بیہقی (مترجم)

مؤلف

لامام ابی بکر احمد بن الحسین البیہقی رحمۃ اللہ علیہ

المتوفی ۴۵۸ ہجری

مترجم

حافظ ثناء اللہ

نظر ثانی

مولانا افتخار احمد

جلد نہم

حدیث: ۱۳۸۴۵ —— ۱۵۶۰۴

MAKTABA-E-REHMANIA

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور

فون: 042-37224228-37355743

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جملہ حقوق ملکیت بحق ناشر محفوظ ھیں

MAKTABA-E-REHMANIA

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

نام کتاب:------------------ اَلسُّنَنُ الْکُبْرٰی لِلْبَیْہَقِی مترجم

مُترجم:------------------ حافظ ثناء اللہ

ناشر:------------------ مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

مطبع:------------------ لٹل سٹار پرنٹرز لاہور

ضروری وضاحت

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کرسکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح واصلاح کے لیے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسانوں کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لیے پھر بھی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرما دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔ نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

فہرست مضامین

یہ تمام ابواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہیں اور وہ چیزیں جو آپ کے لیے جائز اور دوسروے کے لیے حرام ہیں

- آزاد اور لونڈیوں میں سے کتنی عورتیں جائز ہیں ۲۱
- کوئی شخص اپنی چار بیویوں کو طلاق دے کر اس کی جگہ دوسری چار بیویاں کرسکتا ہے ۲۴
- کوئی شخص اپنی والدہ یا والد کی لونڈی سے شادی کرے تو یہ لونڈی والدین کے حلال کرنے سے بھی حلال نہ ہوگی ۲۵
- غلام کا لونڈی سے شادی کرنے کا بیان ۲۵
- دو بدعتیوں کی شادی کا حکم اور ارشاد باری تعالیٰ: ﴿الزَّانِي لَا يَنْكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ ذَلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ﴾ ۲۸
- آیت کو اپنے شانِ نزول تک محدود رکھنے کا استدلال یا اسے منسوخ سمجھا جائے ۳۲
- زانیہ کی کوئی عدت نہیں اور جس نے زنا سے حاملہ عورت سے شادی کی اس کا نکاح فسخ نہ ہوگا ۳۹
- غلام کے نکاح وطلاق کا حکم ۴۲

کونسی آزاد عورتوں سے نکاح جائز اور کن سے حرام ہے اور لونڈیوں سے یا آزاد عورت اور باندیوں کو ایک نکاح میں جمع کرنے کا حکم

- قرابت اور رضاعت وغیرہ سے نکاح کرنا حرام ہے ۴۳
- اللہ کا فرمان ہے: ﴿وَأُمَّهَاتُ نِسَائِكُمْ وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُورِكُمْ مِنْ نِسَائِكُمُ اللَّاتِي دَخَلْتُمْ بِهِنَّ﴾ [النساء ۲۳] ''اور تمہاری عورتوں کی مائیں اور وہ بچیاں جو تمہاری بیویوں کی تمہاری گود میں ہیں جن سے تم نے دخول کرلیا ہے'' ۴۵

- اللہ رب العزت کا ارشاد ہے: ﴿وَ حَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ﴾ ''اور تمہارے حقیقی بیٹوں کی بیویاں..... ۴۹
- منہ بولے بیٹے کی منسوخیت اور اس کی طلاق یافتہ بیوی سے نکاح کرنا جائز ہے منہ بولا بیٹا ہو یا بیٹی وہ دین میں تمہارے بھائی ہیں ۵۰
- اللہ کے فرمان: ﴿وَ لَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ﴾ ''تم نکاح نہ کرو جن عورتوں سے تمہارے باپوں نے نکاح کیا ہو'' ۵۱
- ربیبہ (جو تمہاری بیوی کی کسی دوسرے خاوند سے بچی ہو) کی حرمت میں دخول کی شرط کے مطلب کا بیان اور جس نے اپنی لونڈی سے مجامعت کی تو اس کا بیٹا مالک بننے کے بعد اس کے ساتھ صحبت کا ارادہ کرے تو کیا حکم ہے ۵۲
- اللہ تعالیٰ کے اس فرمان: ﴿اَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ﴾ [النساء ۲۳] ''دو بہنوں کو ایک نکاح میں جمع نہ کرنے کا بیان'' ۵۳
- اللہ کے قول ﴿اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ﴾ کا بیان ۵۵
- دو بہنوں کو جمع کرنے کی حرمت اور ماں، بیٹی جو لونڈی ہو ان کو ایک جگہ جمع کرنے کی حرمت کا بیان ۵۷
- پھوپھی اور بھتیجی، خالہ اور بھانجی کو ایک جگہ جمع کرنے کی حرمت ۶۱
- جو کہتا ہے کہ ان دونوں (ماں، بیٹی) کو جمع کرنا جائز ہے ۶۵
- اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿وَّ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ﴾ ''اور حرام کی گئی ہیں بیاہی ہوئی عورتوں میں سے مگر جن کے مالک ہوئے تمہارے داہنے ہاتھ'' کا بیان........................ ۶۶
- زنا حلال کو حرام نہیں کرتا........................ ۶۸

اہل کتاب کی آزاد عورتیں اور ان کی لونڈیاں اور مسلمانوں کی لونڈیوں کا بیان

- اہل کتاب کے علاوہ مشرک آزاد عورتوں کی حرمت اور مومنہ عورتوں کی کفار پر حرمت کا بیان ۷۲
- جس غیر مذہب نے یہودیت یا نصرانیت کو قبول کیا ۸۰
- مسلمانوں کی لونڈیوں سے نکاح کا بیان ۸۰
- لونڈی کی شادی لونڈی پر نہ کی جائے ۸۳
- آزاد عورت کی موجودگی میں لونڈی سے شادی نہ کی جائے اور لونڈی کی موجودگی میں آزاد عورت سے شادی کی جاسکتی ہے........................ ۸۳

- جس کا گمان ہے کہ آزاد عورت کا نکاح لونڈی پر، یہ لونڈی کی طلاق کی حیثیت رکھتا ہے ۸۵
- غلام آزاد عورت سے لونڈی کی موجودگی میں نکاح کرتا ہے ۸۶
- اہل کتاب کی لونڈی کا نکاح مسلمان سے جائز نہیں ہے ۸۶

خطبہ کے ابواب

- اشارے کے ساتھ نکاح کا پیغام دینے کا بیان ۸۸
- کوئی شخص اپنے بھائی کے پیغام نکاح پر پیغامِ نکاح نہ دے جب عورت رضامند ہو یا مرد رضامند ہو یا تو وہ چھوڑ دے یا اجازت دے تب منگنی کا پیغام کسی دوسرے کے لیے دینا درست ہے ۹۳
- منگنی پر منگنی جائز ہے جب لڑکی اور کنواری کا باپ پہلے کے لیے رضامند نہ ہو ۹۶
- نکاح کا پیغام کیسے دیا جائے ۹۸

مشرک کے نکاح کے ابواب

- کسی کے اسلام قبول کرتے وقت اس کے نکاح میں چار سے زیادہ بیویاں ہوں ۹۸
- جب میاں بیوی دونوں بتوں کے پجاری ہوں پھر ایک مسلمان ہو جائے تو جماع ممنوع ہے جب تک دوسرا بھی مسلمان نہ ہو ۱۰۵
- جو کہتا ہے کہ دونوں میں سے ایک کے اسلام قبول کرنے کی وجہ سے نکاح نہ ٹوٹے گا جب عورت سے دخول ہو چکا ہو اور دوسرا ابھی عدت گزرنے سے پہلے اسلام قبول کر لے (جب میاں، بیوی دونوں بتوں کے پجاری ہوں) ۱۰۶
- جو شخص مسلمان ہوا اور اس کے نکاح میں عیسائی عورت ہو ۱۱۱
- مشرک سے نکاح اور ان کی طلاق کا بیان ۱۱۱

عورت کے پاس آنے کا بیان

- حائضہ عورت کے پاس آنے کا بیان ۱۱۳
- اپنی آزاد عورتوں یا لونڈیوں پر ایک غسل سے مجامعت کرنے کا بیان ۱۱۵
- جنبی شخص پہلی مرتبہ یا دوبارہ لوٹنے کا ارادہ کرے تو وضو کرے ۱۱۶
- جنبی شخص سونے کا ارادہ کرلے تو ۱۱۷
- وطی کی حالت میں پردہ کرنا ۱۱۸

کسی شخص کا اپنی بیوی سے کی گئی صحبت کا تذکرہ کرنا مکروہ ہے ۱۱۹
عورتوں سے پیچھے کی جانب سے جماع کرنے کا حکم ۱۲۱
ہاتھ استعمال کرنے کا حکم ۱۳۲

ممنوع نکاحوں کا بیان

وٹے سٹے کا نکاح ۱۳۳
نکاحِ متعہ کا بیان ۱۳۵
حلالہ کے لیے نکاح کا بیان ۱۵۴
جس نے بغیر کسی شرط کے نکاح کیا یہ ثابت ہے اگر چہ دونوں کی نیت یا کسی ایک کی نیت حلالہ کی ہو ۱۵۸
محرم کے نکاح کا حکم ۱۶۰

منکوحہ عورت میں پائے جانے والے عیوب کا بیان

جن عیوب کی بنا پر نکاح کو رد کیا جا سکتا ہے ۱۶۶
جہالت میں وہ بیماری کے متعدی ہونے کا اعتقاد رکھتے تھے، جس کی بنا پر وہ کسی فعل کی نسبت غیر اللہ کی طرف کر دیتے تھے ۱۷۰
بیمار کو تندرست کے پاس نہ لایا جائے؛ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مشیت سے اس کے ملنے کو مرض کا سبب بتایا ہے ۱۷۱
دھوکہ دینے والا مہر ادا کرے گا اور اولاد کی قیمت اس کے ذمہ ہے جس نے دھوکہ دیا ہے ۱۷۹
خاوند غلام ہو اور لونڈی کو آزاد کر دیا جائے ۱۸۰
جن کا گمان ہے کہ جب بریرہ آزاد ہوئی تو اس کا خاوند آزاد تھا ۱۸۶
اختیار کے وقت کا بیان ۱۹۰
آزاد کردہ لونڈی سے خاوند غلام نے مجامعت کر لی اور لونڈی نے جہالت کا دعویٰ کر دیا ۱۹۱
آزاد کردہ لونڈی کو فراق کا اختیار ہے جب خاوند نے مجامعت نہ کی ہو اور اس کے لیے حق مہر بھی نہ ہوگا ۱۹۲
ایسا مرد جو جماع پر قدرت نہ رکھتا ہو اس کی مدت کا بیان ۱۹۳
میاں بیوی مجامعت کے بارے میں اختلاف کرتے ہیں اگر عورت ثیبہ ہے تو مرد کی بات معتبر ہے ۱۹۶
عزل کا بیان ۱۹۷
آزاد عورت سے اس کی اجازت لو اور لونڈی سے بغیر اجازت کے اور جو اس کے بارے میں منقول ہے ۲۰۴

جس نے عزل کو مکروہ جانا اور اس کے بارے میں مختلف روایات اور جو اس کی کراہیت کے بارے میں منقول ہے ۲۰۵

کِتَابُ الصداق

حق مہر کا بیان

حق مہر کے بغیر نکاح منعقد ہو جاتا ہے ۲۰۷
حق مہر زیادہ یا کم مقرر کرنے میں کوئی وقت نہیں ۲۰۸
حق مہر میں میانہ روی مستحب ہے ۲۱۱
حق مہر میں کیا دینا جائز ہے ۲۱۶
بیوی سے حق مہر کو روک لینے کا بیان ۲۲۷
قرآن کی تعلیم کے عوض نکاح کا بیان ۲۲۸
کتاب اللہ کی تعلیم پر اجرت لینے کا بیان ۲۳۱
سپرد کرنے کا بیان ۲۳۱
زوجین میں کوئی مہر مقرر کرنے اور دخول سے پہلے فوت ہو جائے ۲۳۳
جس کا خیال ہے کہ حق مہر نہیں ہے ۲۳۷
حق مہر مقرر کرنے کے بعد زوجین میں سے کوئی ایک فوت ہو جائے ۲۳۹
ایسا شخص جو عورت سے شادی اس کے حکم پر کرتا ہے ۲۳۹
حق مہر میں شرط لگانا ۲۴۱
نکاح میں شرائط کا بیان ۲۴۲
جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے یعنی خاوند کے حق مہر معاف کرنے کا بیان ۲۴۷
جس کا گمان ہے کہ نکاح کی گرہ کا مالک ولی ہے ۲۵۰
حق مہر یا اس کے قائم مقام کوئی چیز دینے سے پہلے دخول نہ کیا جائے ۲۵۲
کچھ لیے بغیر عورت کا دخول کے لیے رضا مند ہو جانے کا بیان ۲۵۳
عورت کا دخول کے لیے حکم دینا درست ہے ۲۵۴
مرد عورت سے خلوت اختیار کر لے، پھر مجامعت سے پہلے طلاق دے دے ۲۵۶
جس کا گمان ہے کہ جس نے دروازہ بند کر لیا اور پردہ لٹکا لیا تو اس کے ذمہ مکمل حق مہر ادا کرنا ہے ۲۵۸

عورت کوفائدہ دینے کابیان ۲۶۲

ولیمہ کے ابواب کا مجموعہ

ولیمہ کاحکم ۲۶۵
اگر طاقت ہوتو بکری سے ولیمہ کرنا مستحب ہے ۲۶۶
ولیمہ کے حق کی ادائیگی میں کونسا کھانا کھلایا جائے ۲۶۷
ولیمہ کے وقت کابیان ۲۷۰
ولیمہ کے ایام ۲۷۱
دعوت ولیمہ میں آنا حق ہے ۲۷۳
شادی کی ہر دعوت یااس جیسے دوسری دعوت پرآنا چاہیے ۲۷۶
روزہ داریابے روزہ دعوت قبول کریں لیکن دونوں کیا کریں ۲۷۸
اگرفرضی روزہ نہ ہوتو چھوڑ دینا مستحب ہے ۲۷۹
بے روزہ کھائے یا چھوڑ دے اس کواختیار ہے ۲۸۰
جس نے معذرت کی اس کی معذرت قبول نہ کی جائے تووہ دعوت کوقبول کرے ۲۸۱
جوبغیر دعوت کے آکرکھانا کھائے اس کے لیے جائزنہیں ہے مگر ولیمہ والاخوداجازت دے دے ۲۸۲
ایسی دعوت ولیمہ جس میں نافرمانی کے کام ہوں اگروہ منع کرنے سے رک جائیں تو درست وگرنہ ایسی دعوت قبول نہ کی جائے ۲۸۴
ایسی جگہ پردعوت کھانا جہاں پرجانداروں کی تصاویرلٹکائی گئی ہوں، ممنوع ہے ۲۸۶
تصاویرکی ممانعت میں سختی کابیان ۲۹۰
جس تصویرکوروندا جائے یااس کے سرکوکاٹا جائے یاغیر ذی روح اشیاء کی تصاویرہوتوان میں رخصت ہے ۲۹۳
کپڑے پرنقش ونگار کی اجازت کابیان ۲۹۶
گھروں کوکس چیز سے ڈھانپا جائے ۲۹۸
کھانے کی دعوت کوقبول کرنا مستحب ہے اگرچہ کوئی وجہ نہ بھی ہو ۳۰۲
دومقابلہ بازی کرنے والے اورریاکاری اورفخر کرنے والے کے کھانے کابیان کہ کون دوسرے پرغالب آتا ہے ۳۰۶
غیرکے مال سے تھوڑا کھانا منسوخ ہے جب اس کے کھانے کی اجازت ہو ۳۰۷

- دو دعوت دینے والوں کا اکٹھا ہو جانا ۳۰۹
- کھانے سے پہلے اور بعد ہاتھوں کو دھونے کا بیان ۳۱۰
- کھانے پر بسم اللہ پڑھنے کا بیان ۳۱۱
- دائیں ہاتھ سے کھانا پینا ۳۱۲
- اپنے سامنے سے کھانے کا بیان ۳۱۳
- پلیٹ کی اطراف سے کھانا، درمیان سے نہ کھایا جائے ۳۱۴
- تین انگلیوں سے کھا کر ان کو چاٹ لینا ۳۱۴
- گرے ہوئے لقمے کو اٹھانا اور پلیٹ کو صاف کرنا اور چاٹ لینے کے بعد رومال سے صاف کر لینا ۳۱۵
- جو آپ کے ساتھ کھانے کے لیے نہ بیٹھے اس کو کچھ نہ دیں جو آپ کے آگے پڑا ہے آپ کو کھانے کی دعوت ہے نہ کہ دینے کی ۳۱۶
- جس نے اپنے آگے پڑی ہوئی چیز اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے کے سامنے کی ۳۱۶
- نبی ﷺ نے کبھی بھی کھانے میں عیب نہیں لگایا ۳۱۷
- وہ کھانا کھانے میں کوئی حرج نہیں جو اللہ نے حلال کیا ہے ۳۱۷
- جو آپ کے سامنے رکھا جائے اس کو حقیر خیال نہ کریں ۳۱۸
- گوشت کو کیسے کھایا جائے ۳۱۹
- گرم کھانا کھانے کا بیان ۳۲۰
- ساتھی کی اجازت کے بغیر دو کھجوریں ملا کر کھانے کی کراہیت ۳۲۱
- کھاتے وقت اچھی طرح صاف کرنے کا بیان ۳۲۱
- کھاتے وقت دو قسم کی چیزوں کو جمع کر لینے کا بیان ۳۲۲
- کھڑے ہو کر کھانے، پینے کا بیان ۳۲۳
- ٹیک لگا کر کھانے کا بیان ۳۲۶
- برتنوں میں سانس لینے اور پھونکنے کی کراہت کا بیان ۳۲۷
- تین سانسوں میں پینے کا بیان ۳۲۸
- پانی میں منہ ڈال کر پینا ۳۲۹
- مشک کے منہ سے پانی پینے اور اس کی کراہت کا بیان ۳۳۰

- پینے میں دائیں جانب کا خیال رکھا جائے ۳۳۱
- لوگوں کو پلانے والا سب سے آخر میں پیے گا ۳۳۳
- کھانے سے فارغ ہونے کے بعد کیا کہے ۳۳۳
- کھانے کے مالک کے لیے دعا کرنے کا بیان ۳۳۴
- خوشی میں اشیاء بکھیرنے کا حکم ۳۳۵
- دف کے ذریعے نکاح کا اعلان کرنا اور گناہ والی بات نہ کہنا ۳۳۸
- شوال میں شادی اور رخصتی کرنا ۳۴۴
- عورتوں اور بچوں کا شادی میں جانا ۳۴۴

كِتَابُ الْقَسَمِ وَالنُّشُوزِ

شب باشی کے لیے باری مقرر کرنا اور نافرمانی کا بیان

- خاوند کا عورت کے ذمے کتنا بڑا حق ہے ۳۴۷
- خاوند کا بیوی پر کتنا حق ہے ۳۴۸
- خاوند کے جو حقوق بیوی پر لازم نہیں ان کی رعایت کرنا بھی مستحب ہے ۳۵۱
- خاوند کی اچھائی کی ناشکری کرنا مکروہ ہے ۳۵۳
- عورت نافرمانی میں خاوند کی اطاعت نہ کرے ۳۵۴
- عورت کا مرد کے ذمے کیا حق ہے ۳۵۵
- اللہ کا فرمان ﴿وَ اِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا وَ الصُّلْحُ خَيْرٌ﴾ [النساء ۱۲۸] ”اگر عورت اپنے خاوند سے لڑائی یا اعراض سے ڈرے تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ آپس میں صلح کرلیں، صلح بہتر ہے“ ۳۵۸
- عورت اپنے ہبہ کیے ہوئے دن میں رجوع کرسکتی ہے ۳۶۲
- مرد ایسی عورت کو جدا نہ کرے جس سے بے رغبتی کرتا ہے اور انصاف نہیں کرتا ۳۶۲
- اللہ کا فرمان: ”اور ہرگز تم اپنی عورتوں کے درمیان عدل نہ کرسکو گے اگرچہ تم حرص بھی کرو اور تم مکمل طور پر جھک نہ جاؤ تم اس (دوسری) کو لٹکی ہوئی چھوڑ دو؟“ ۳۶۳

۞ آزاد مرد لونڈی کی موجودگی میں آزاد عورت سے نکاح کرے تو آزاد عورت کے لیے دو دن اور لونڈی کے لیے ایک دن کی باری مقرر کرے ۳۶۸

۞ مرد دن کے اوقات میں ضرورت کی بنا پر عورتوں کے پاس جا سکتا ہے ۳۶۹

۞ وہ حالت جس کی وجہ سے عورتوں کے احوال مختلف ہوتے ہیں ۳۷۰

۞ سفر میں عورتوں کے لیے باری تقسیم کرنے کا بیان ۳۷۵

۞ عورت کا مرد کی نافرمانی کرنے کا حکم ۳۷۷

۞ عورت کو نصیحت کرنے کا بیان ۳۷۸

۞ عورتوں کے چھوڑنے کا بیان ۳۷۹

۞ تین دن سے زیادہ کلام نہ چھوڑا جائے ۳۷۹

۞ ان کو مارنے کا بیان ۳۷۹

۞ مرد سے پوچھا نہ جائے کہ عورت کو کس وجہ سے مارا ہے ۳۸۲

۞ مرد عورت کو چہرے پر نہ مارے اور برا بھلا نہ کہے اور صرف گھر میں چھوڑ دے ۳۸۲

۞ مار کو چھوڑنے میں اختیار کا بیان ۳۸۲

۞ میاں، بیوی کے اختلاف کو ختم کرنے کے لیے دو فیصل مقرر کرنے کا بیان ۳۸۳

۞ نہ ملنے والی چیز کا اظہار کرنا اور سوتن پر فخر کرنے کی ممانعت ۳۸۸

۞ عورتوں کی غیرت اور ان کی محبت کا بیان ۳۸۸

۞ اپنی بیٹی کو غیرت اور انصاف کی وجہ سے جدا کر لینا ۳۸۹

۞ خاوندوں کی غیرت اور ان کے علاوہ دوسروں کا شک کے موقعہ پر کرنے کا بیان ۳۹۱

۞ حماموں میں داخل ہونے کا بیان ۳۹۱

۞ مردوں کے خضاب لگانے کا بیان ۳۹۴

۞ کس چیز کے ساتھ رنگا جائے ۳۹۶

۞ سفید بالوں کو اکھاڑنے کا بیان ۳۹۹

۞ عورتوں کے خضاب لگانے کا حکم ۴۰۰

۞ عورتوں کے لیے کس چیز کے ساتھ زینت حاصل کرنا درست نہیں ۴۰۱

كِتَابُ الْخُلْعِ وَالطَّلَاقِ

خلع اور طلاق کی کتاب

- وہ وجہ جس کی بنا پر فدیہ لینا جائز ہے ۴۰۳
- خاوند اپنی بیوی سے روکے ہوئے حق کو لے کر خلع کر لے ۴۱۱
- بادشاہ کے بغیر خلع کرنے کا حکم ۴۱۱
- عورت اپنے خاوند سے طلاق کا سوال نہ کرے ۴۱۲
- خلع طلاق ہے یا نکاح کو فسخ کرنے والا ہے؟ ۴۱۳
- خلع کرنے والی کو بعد میں طلاق نہ دی جائے ۴۱۴
- بیوی پر اگر طلاق واقع نہ ہو تو کیا واقع ہوگا ۴۱۵
- نکاح سے پہلے طلاق دینے کا حکم ۴۱۵
- طلاق کے جواز کا بیان ۴۲۳
- طلاق کے مکروہ ہونے کا بیان ۴۲۴
- مسنون طلاق اور طلاقِ بدعت کا بیان ۴۲۶
- حالت حیض میں دی گئی طلاق واقع ہو جاتی ہے، اگرچہ بدعی ہے ۴۳۲
- خاوند کو صرف ایک طلاق دینے میں اختیار کا بیان ۴۳۸
- اگر تین طلاقیں اکٹھی دی جائیں تو وہ واقع ہو جاتی ہیں ۴۴۷
- جس شخص نے تین طلاقوں کو ایک شمار کیا ہے اور جو اس میں اختلاف کا بیان ۴۵۶
- اللہ کی کتاب میں طلاق ثلثہ کا بیان ۴۶۵

طلاق صرف نیت کی بنا پر واقع ہوتی ہے اور الفاظِ طلاق کا بیان

- طلاق کے صریح الفاظ کا بیان ۴۶۶
- جس نے اپنی بیوی سے کہا: اَنْتِ طَالِقٌ اتنی ہی طلاقیں ہوں گی جتنی کا اس نے ارادہ کیا ۴۶۷
- جس شخص نے اپنی بیوی سے لفظ طلاق بولا لیکن جدائی کا ارادہ نہ کیا ۴۶۸
- طلاق کے کنایہ سے طلاق واقع نہیں ہوتی مگر جب کہ کلام کا مقصد ہی طلاق دینا ہو ۴۶۹

- جس نے کنایہ میں کہا کہ وہ تین طلاقیں ہیں ۴۷۶
- اختیار دینے کا بیان ۴۷۷
- ملکیت دینے کا بیان ۴۸۳
- عورت تملیک کے موقع پر طلقتک کہہ کر ایک طلاق کا ارادہ رکھتی ہے ۴۸۷
- خاوند دل میں بیوی کو طلاق دے دے زبان سے بات نہ کرے ۴۸۹
- جس نے اپنی بیوی سے کہہ دیا تو میرے اوپر حرام ہے ۴۸۹
- جس شخص نے اپنی لونڈی سے کہا کہ تو میرے اوپر حرام ہے لیکن وہ آزادی کا ارادہ نہیں رکھتا ۴۹۵
- جس نے کہا کہ میرا مال مجھ پر حرام لیکن لونڈی کا ارادہ نہ کیا ۴۹۸
- ایسی عورت جس سے دخول نہیں کیا گیا اس کی طلاق کا بیان ۵۰۰
- وقت مقررہ اور کسی کام کی وجہ سے طلاق دینے کا بیان ۵۰۴
- مجبور کیے گئے کی طلاق کا بیان ۵۰۵
- مجبوری کیا ہے؟ ۵۰۹
- بچے کا طلاق دینا جائز نہیں جب تک بالغ نہ ہو جائے اور بیوقوف کی طلاق نہیں ہوتی جب تک وہ درست نہ ہو جائے ۵۱۰
- جو شخص کہتا ہے کہ نشہ کرنے والے شخص کا طلاق دینا اور غلام آزاد کر دینا جائز ہے ۵۱۱
- جو کہتا ہے کہ نشہ کرنے والے شخص کا طلاق دینا اور غلام آزاد کر دینا جائز نہیں ہے ۵۱۱
- غلام کا مالک کی اجازت کے بغیر طلاق دینا ۵۱۳
- طلاق، آزادی، نذروں میں استثناء ایسے ہی ہے جیسے وہ قسموں میں ہوتا ہے کہ وہ ان کی مخالفت نہیں کرتا ۵۱۴
- مرض الموت میں رات گزارنے والی بیوی کی وراثت کا بیان ۵۱۷
- طلاق میں شک کا بیان اور جو کہتا ہے کہ عورت صرف یقین کی بنا پر حرام ہوتی ہے ۵۲۰
- خاوند کتنی طلاقوں کو شمار کرے یا شمار نہ کرے ۵۲۱
- خاوند بیوی سے کہہ دے: اے میری بہن، مراد اسلامی بہن ۵۲۴
- (بہن) کہنے کو ناپسند کیا گیا ہے ۵۲۶

كِتَابُ الرَّجْعَةِ

رجوع کی کتاب

۞ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا﴾ کا بیان ۵۳۱

۞ غلام کی طلاقوں کا بیان جو کہتا ہے کہ طلاق کا تعلق مردوں اور عدت کا تعلق عورتوں سے ہے اور جس نے کہا کہ دونوں کا تعلق عورتوں سے ہے ۵۳۲

۞ عورت پر اعتماد کرنا پڑے گا حمل اور عدت کے ختم ہونے کے دعویٰ پر مدت میں ۵۳۹

۞ رجوع کرنا اس پر حرام ہے ایک رات گزارنے والی کی حرمت کی وجہ سے یہاں تک کہ اس سے رجوع کرے ۵۴۰

۞ مرد رجوع پر گواہ بنالے اور وہ نہ جانتی ہو یہاں تک کہ وہ کسی دوسرے خاوند سے نکاح کرلے ۵۴۰

۞ رجوع پر گواہ بنانے کا بیان ۵۴۱

۞ مطلقہ ثلثہ کے نکاح کا بیان ۵۴۲

۞ لونڈی جو مرد کے نکاح میں ہو اسے تین طلاق دینے کے بعد خرید لے تو کیا حکم ہے؟ ۵۴۸

كِتَابُ الْإِيلَاءِ

ایلا کی کتاب

۞ جس نے کہا کہ ایلا کرنے والے کو چار ماہ انتظار کے بعد قاضی کے سامنے کھڑا کیا جائے یا تو رجوع کرلے وگرنہ طلاق دے دے ۵۵۰

۞ جس نے چار ماہ کے بعد طلاق دینے کا قصد کرلیا ۵۵۴

۞ رجوع جماع کے ذریعے ہوتا ہے مگر عذر سے ۵۵۸

۞ خاوند بیوی کے چار ماہ سے کم مدت میں جماع نہ کرنے کی قسم کھالیتا ہے ۵۵۸

۞ ہر وہ قسم جو جماع سے روکے چار ماہ سے زائد کی ہو، اگر قسم توڑ دے تو یہ ایلا ہے ۵۵۹

۞ غصہ میں ایلا کرنا ۵۶۰

کِتَابُ الظِّهَارِ

ظہار کی کتاب

ظہار کی آیت کے نزول کا سبب ۵۶۲
لونڈی میں ظہار نہیں ۵۶۴
نکاح سے پہلے ظہار نہیں ہوتا ۵۶۵
کوئی شخص اپنی چار عورتوں سے ایک ہی کلمہ کے ذریعے ظہار کر سکتا ہے ۵۶۶
ظہار کرنے والے شخص پر کفارہ دینا لازم ہے ۵۶۶
ظہار کا کفارہ ادا کرنے سے پہلے بیوی کے قریب نہ جائے ۵۶۹
ظہار کے کفارہ میں مومنہ جان آزاد کرے ۵۷۲
گونگے غلام کو آزاد کرنا جب وہ ایمان کا اشارہ کرے اور نماز پڑھے ۵۷۴
اسلام کی پہچان کا بیان ۵۷۵
آزادی کی شرط پر خریدی گئی گردن واجبی گردن کی آزادی سے کفایت نہ کرے گی ۵۷۶
جس شخص نے روزے شروع کر دیے پھر مالدار ہو گیا ۵۷۸
جس کے ذمہ کھلانے کا کفارہ ہو ۵۷۸
ساٹھ مسکینوں سے کم کو کھانا کھلانا کفایت نہ کرے گا اور ہر مسکین کو اپنے شہر کے ایک مد کے برابر کھانا دیا جائے ۵۷۹

کِتَابُ اللِّعَانِ

لعان کی کتاب

خاوند بیوی پر زنا کا الزام لگائے تو چار گواہ لا کر حد قذف سے بری ہو سکتا ہے یا لعان کرے گا ۵۸۸
کن کے درمیان لعان ہوگا اور جن کے درمیان لعان نہ ہوگا ۵۹۲
لعان کس جگہ ہو ۵۹۷
لعان کا طریقہ، بچے کا انکار، بچے کو والدہ کی طرف منسوب کرنے وغیرہ کا بیان ۵۹۹
بچہ صاحب فراش کا ہی ہے جب تک وہ لعان کے ذریعے بچے کی نفی نہ کر دے ۶۰۹
عورت کا کسی دوسری قوم کے بچے کو اپنی قوم میں داخل کرنے کی مذمت اور مرد کے بچے کی نفی کا بیان ۶۱۱

جس نے اپنے باپ کے علاوہ کسی دوسرے کی جانب نسبت کر دی ۶۱۲
جوڑے (میاں بیوی) کا لعان مسلمانوں کے گروہ کی موجودگی میں ہونے کا بیان ۶۱۳
لعان کیسے کیا جائے ۶۱۴
حمل پر لعان کا بیان ۶۱۶
تہمت لگانے والے کے سوال پر بیوی کو جدا کرنا ۶۲۲
خاوند کے لعان کے بعد جدائی، بچے کی نفی اور عورت کی حد کا بیان اگر وہ لعان کرے ۶۲۴
جب تک خاوند بیوی پر صریح زنا کی تہمت نہ لگائے لعان نہیں ہوتا ۶۲۷
اشارے/کنایہ کی بنا پر حد یا لعان نہیں ہوتا ۶۲۸
جو شخص اپنی بیوی کے حمل یا بچے کا ایک مرتبہ اقرار کرلے تو پھر اس کی نفی کی اجازت نہیں ہے ۶۳۰
بچہ بستر والے کا ہے لونڈی اور نکاح کے بعد بیوی سے صحبت کی بنا پر ۶۳۱
عورت ایسے بچے کو جنم دیتی ہے جس میں شک ممکن نہیں کہ وہ پہلے خاوند کا ہو اور یہ ممکن ہے کہ وہ دوسرے خاوند سے ہے ۶۳۴

كِتَابُ الْعِدد

تعداد کی کتاب

عدت کے بارے میں آیات کے سبب نزول کا بیان ۶۳۵

جس عورت کے ساتھ جماع ہوا اس کی عدت کے تمام ابواب

اس کا بیان جو اللہ تعالیٰ کے اس قول کے بارے میں آیا ہے: ﴿وَ الْمُطَلَّقٰتُ یَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ﴾ [البقرة ۲۲۸] (اور طلاق شدہ عورتیں تین قرء انتظار کریں) اور اس شخص کا بیان جو کہتا ہے کہ قُرء سے مراد طہر ہے اور اس پر جو آثار دلالت کرتے ہیں ۶۳۶
اس شخص کا بیان جو کہتا ہے قروء سے مراد حیض ہیں ۶۴۱
جس حیض میں طلاق واقع ہوئی ہے اسے (عدت میں) شمار نہیں کیا جائے گا ۶۴۴
عورت کی تصدیق کا بیان اس بارے میں جس حیض میں اس کی عدت کے ختم ہونے کا امکان ہے ۶۴۵
جس کا حیض اس سے دوری اختیار کر جائے اس کی عدت کا بیان ۶۴۷
اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ﴿وَلَا یَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ یَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِیْٓ اَرْحَامِهِنَّ﴾ [البقرة ۲۲۹] کا بیان ۶۴۹

- اس عورت کی عدت کا بیان جو حیض سے ناامید ہوگئی اور اس کا جس کو حیض نہ آتا ہو ۶۵۰
- اس عمر کا بیان جس میں عورت کو حیض آنا ممکن ہے ۶۵۱
- طلاق شدہ حاملہ عورت کی عدت کا بیان ۶۵۲
- اس عورت کا بیان جو نامکمل بچہ جن دے ۶۵۴
- حالت حمل میں عورت کو حیض آنے کا بیان ۶۵۵
- دوہرے حمل والی عورت کا بیان اس کی عدت ایک حمل کے وضع ہونے سے ختم نہ ہوگی جب تک دوسرا حمل وضع نہ ہوجائے ۶۵۹
- جس عورت کے ساتھ اس کے خاوند نے دخول نہیں کیا اس پر عدت نہیں ہے ۶۶۰
- موت اور طلاق سے عدت کا بیان اور اس عورت کی عدت کا باب جس کا خاوند غائب ہو چکا ہے ۶۶۱
- لونڈی کی عدت کا بیان ۶۶۴
- ۱۷۔ جس عورت کا خاوند فوت ہوجائے اس کی عدت کا بیان ۶۶۵
- ۱۸۔ خاوند کی وفات کے بعد حاملہ عورت کی عدت کا بیان ۶۶۸
- جو کہتا ہے کہ جس عورت کا خاوند فوت ہوجائے اس کے لیے خرچہ نہیں ہے حاملہ ہو یا نہ ہو ۶۷۵
- طلاق شدہ عورت کے اس کے گھر میں رہنے کا بیان ۶۷۵
- اللہ تعالیٰ کے ارشاد ﴿اِلَّآ اَنْ یَّاْتِیْنَ بِفَاحِشَۃٍ﴾ کا بیان ۶۷۷
- جس کا خاوند فوت ہوجائے اس کو رہائش دینے کا بیان ۶۸۳
- جس عورت کا خاوند فوت ہوجائے اس کے لیے رہائش نہیں ہے ۶۸۶
- طلاق شدہ عورت اور جس کا خاوند فوت ہوگیا ہو اس کی رہائش کی کیفیت کا بیان ۶۸۹
- لوہا استعمال کرنے کا بیان ۶۹۱
- سوگ کیسے کیا جائے ۶۹۵
- اگر عدت والی سرمے کی طرف مجبور ہو ۷۰۰
- دو عدتوں کے جمع ہونے کا بیان ۷۰۱
- اس کے حق مہر کے بارے میں اختلاف کا بیان اور دوسرے مرد پر اس کے نکاح کی حرمت کا بیان ۷۰۲
- حمل کی اقل مدت کا بیان ۷۰۵
- حمل کی اکثر مدت کا بیان ۷۰۶

- ایک شخص کسی عورت سے شادی کرے وہ عورت یوم نکاح سے لے کر چھ ماہ سے بھی کم میں بچہ کو جنم دے اور چار سال سے کم میں اس دن سے جس وقت اس کی پہلی جدائی ہوئی ۷۰۹
- اس مطلقہ کی عدت کا باب جس کا خاوند اس سے رجوع کا مالک ہو ۷۱۰
- اس شخص کا بیان جو کہتا ہے کہ گم شدہ آدمی کی بیوی اسی کی بیوی ہے جب تک اس کی وفات کی یقینی خبر نہ آ جائے ۷۱۱
- اس شخص کا بیان جو کہتا ہے کہ گم شدہ خاوند والی عورت چار سال اس کا انتظار کرے پھر چار ماہ دس دن عدت گزارے پھر حلال ہو جائے ۷۱۲
- جس نے کہا: گم شدہ کو اختیار ہے جب وہ اس کے اور حق مہر کے درمیان آ جائے اور جس نے اس کا انکار کیا ہے ۷۱۴
- ام ولد کے استبرائے رحم کا بیان ۷۱۹
- جو لونڈی کا مالک بنے وہ رحم صاف کروائے ۷۲۲
- خلع والی کی عدت کا بیان ۷۲۵
- غلام کے نکاح میں آزاد ہونے والی لونڈی کی عدت کا بیان جب وہ اس سے جدائی اختیار کرے ۷۲۷

جماع أَبْوَابِ مَا يَحِلُّ مِنَ الْحَرَائِرِ وَلاَ يَتَسَرَّى الْعَبْدُ وَغَيْرِ ذَلِكَ

آزاد عورتوں میں جو حلال ہیں اور غلام کے لیے گنجائش کا بیان

(۱۴۱) باب عَدَدِ مَا يَحِلُّ مِنَ الْحَرَائِرِ وَالإِمَاءِ

آزاد اور لونڈیوں میں سے کتنی عورتیں جائز ہیں

قَالَ اللَّهُ تَعَالَى ﴿قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِي أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ﴾ وَقَالَ ﴿فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنَى وَثُلاَثَ وَرُبَاعَ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلاَّ تَعْدِلُوا فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾

(ش) قَالَ الشَّافِعِيُّ رَحِمَهُ اللَّهُ :فَأَطْلَقَ اللَّهُ مَا مَلَكَتِ الأَيْمَانُ فَلَمْ يَحُدَّ فِيهِنَّ حَدًّا يُنْتَهَى إِلَيْهِ وَانْتَهَى مَا أَحَلَّ اللَّهُ بِالنِّكَاحِ إِلَى أَرْبَعٍ.

(ت) قَالَ الشَّيْخُ :وَيُذْكَرُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ أَنَّهُ قَالَ فِي قَوْلِهِ ﴿مَثْنَى وَثُلاَثَ وَرُبَاعَ﴾ يَعْنِي مَثْنَى أَوْ ثُلاَثَ أَوْ رُبَاعَ.

(ش) قَالَ الشَّافِعِيُّ رَحِمَهُ اللَّهُ : وَدَلَّتْ سُنَّةُ رَسُولِ اللَّهِ -ﷺ- الْمُبَيِّنَةُ عَنِ اللَّهِ عَلَى أَنَّ انْتِهَاءَهُ إِلَى أَرْبَعٍ تَحْرِيمًا مِنْهُ لأَنْ يَجْمَعَ أَحَدٌ غَيْرَ النَّبِيِّ -ﷺ- بَيْنَ أَكْثَرَ مِنْ أَرْبَعٍ.

قال اللہ تعالیٰ :﴿قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِي أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ﴾[الاحزاب ۵۰] ''تحقیق ہم نے جان لیا جو کچھ مقرر کیا ہے ہم نے ان کے اوپر ان کی بیویوں کے بارے میں اور ان کی لونڈیوں کے بارے میں۔'' ﴿فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنَى وَثُلاَثَ وَرُبَاعَ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلاَّ تَعْدِلُوا فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾ [النساء ۳] ''نکاح کرو جو تمہیں اچھی لگیں سوائے ان عورتوں میں سے دو دو اور تین تین اور چار چار اور اگر تم ڈرو کہ انصاف نہ کر سکو گے تو ایک ہی کافی ہے یا جو تمہاری لونڈیاں ہیں۔''

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اللہ نے لونڈیوں کی کوئی حد مقرر نہیں کی اور آزاد عورتوں کی حد چار مقرر فرمائی ہے۔

شیخ فرماتے ہیں: حضرت علی بن حسین سے اس قول مَثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ کے بارے میں منقول ہے کہ اس سے مراد دو یا تین یا چار ہیں۔

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی سنت جو اللہ رب العزت کی جانب سے ہے کہ نبی کے علاوہ سب

کے لیے چار کی تعداد مقرر ہے اس سے زیادہ حرام ہیں۔

(۱۳۸٤٥) فَذَكَرَ مَا أَخْبَرَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ :عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بِشْرَانَ الْعَدْلُ بِبَغْدَادَ أَخْبَرَنَا أَبُو جَعْفَرٍ : مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَخْتَرِيِّ الرَّزَّازُ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُلَاعِبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَكْرٍ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّهُ حَدَّثَهُ :أَنَّ رَجُلاً كَانَ يُقَالُ لَهُ غَيْلَانُ بْنُ سَلَمَةَ الثَّقَفِيُّ كَانَ تَحْتَهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ عَشْرُ نِسْوَةٍ فَأَسْلَمَ وَأَسْلَمْنَ مَعَهُ فَأَمَرَهُ نَبِيُّ اللَّهِ -ﷺ- أَنْ يَتَخَيَّرَ مِنْهُنَّ أَرْبَعًا. [منکر]

(۱۳۸۴۵) حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر اپنے والد سے نقل فرماتے ہیں کہ ایک شخص جس کو غیلان بن سلمہ ثقفی کہا جاتا تھا دور جاہلیت میں اس کے نکاح میں دس عورتیں تھیں، جب وہ مسلمان ہوئے تو عورتیں بھی مسلمان ہو گئیں تو آپ ﷺ نے فرمایا: ان میں سے چار کا انتخاب کر لے۔

(۱۳۸٤٦) أَخْبَرَنَا أَبُو نَصْرِ بْنُ قَتَادَةَ أَخْبَرَنَا أَبُو الْفَضْلِ بْنُ خَمِيرُوَيْهِ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ (ح) وَأَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيٍّ الرُّوذْبَارِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ دَاسَةَ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى عَنْ حُمَيْضَةَ بْنِ الشَّمَرْدَلِ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ قَيْسِ بْنِ عَمِيرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ :أَسْلَمْتُ وَعِنْدِي ثَمَانِ نِسْوَةٍ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ -ﷺ- فَقَالَ النَّبِيُّ -ﷺ- : اخْتَرْ مِنْهُنَّ أَرْبَعًا . لَفْظُ مُسَدَّدٍ وَسَائِرُ الأَحَادِيثِ الَّتِي ذُكِرَتْ فِي هَذَا الْبَابِ مَذْكُورَةٌ فِي بَابِ الرَّجُلِ يُسْلِمُ وَعِنْدَهُ أَكْثَرُ مِنْ أَرْبَعِ نِسْوَةٍ.[ضعيف]

(۱۳۸۴۶) حارث بن قیس بن عمیرہ فرماتے ہیں کہ میں نے اور میری ۸ بیویوں نے اسلام قبول کر لیا، میں نے نبی ﷺ کے پاس تذکرہ کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: چار کا انتخاب کر لو۔

(ب) اس باب میں جتنی بھی احادیث مذکور ہیں اس شخص کے بارے میں ہے جس کے پاس ۴ سے زائد بیویاں تھیں۔

(۱۳۸٤٧) أَخْبَرَنَا أَبُو زَكَرِيَّا بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ الْمُزَكِّي أَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ الطَّرَائِفِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ أَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ صَالِحٍ حَدَّثَهُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا فِي قَوْلِهِ تَعَالَى ﴿وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لاَ تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَى﴾ قَالَ : كَانُوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ يَنْكِحُونَ عَشْرًا مِنَ النِّسَاءِ الأَيَامَى وَكَانُوا يُعَظِّمُونَ شَأْنَ الْيَتِيمِ فَتَفَقَّدُوا مِنْ دِينِهِمْ شَأْنَ الْيَتَامَى وَتَرَكُوا مَا كَانُوا يَنْكِحُونَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ قَالَ اللَّهُ تَعَالَى ﴿ وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لاَ تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنَى وَثُلاَثَ وَرُبَاعَ ﴾ وَنَهَاهُمْ عَمَّا كَانُوا يَنْكِحُونَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ. [ضعيف]

(۱۳۸۴۷) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اللہ کے اس قول: ﴿وَ اِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِی الْیَتٰمٰی فَانْکِحُوْا مَا طَابَ لَکُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰی وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَۃً اَوْ مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ﴾ [النساء ۳] ''اگر تمہیں خوف

ہو کہ یتیم بچیوں کے بارے میں تم انصاف نہ کر پاؤ گے پھر تم نکاح کرو جو عورتیں تمہیں اچھی لگیں دو دو اور تین تین اور چار چار۔ اگر تمہیں بے انصافی کا خوف تو ایک ہی کافی ہے یا جو تمہاری لونڈیاں ہیں۔'' ہم دور جاہلیت میں دس بیوہ عورتوں سے شادی کر لیتے تھے اور یتیم بچی کی حالت کو بڑا خیال کرتے تھے اور انہوں نے یتیم بچیوں کے بارے میں اپنی شریعت میں کچھ نہ پایا اور انہوں نے جو جاہلیت کے اندر بھی نکاح کرتے تھے چھوڑ دیا۔ اللہ کا فرمان ہے: ﴿وَ اِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ﴾ [النساء ٣] اور جو جاہلیت میں نکاح کرتے تھے ان سے بھی منع کر دیا۔''

(١٣٨٤٨) أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْحَافِظُ وَأَبُو سَعِيدِ بْنُ أَبِي عَمْرٍو قَالاَ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ : مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَرْزُوقٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا ﴿وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ كِتَابَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ﴾ قَالَ : لاَ يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَتَزَوَّجَ فَوْقَ أَرْبَعٍ فَإِنْ فَعَلَ فَهِيَ عَلَيْهِ مِثْلُ أُمِّهِ أَوْ أُخْتِهِ. وَرُوِّينَا عَنْ عَبِيدَةَ السَّلْمَانِيِّ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى ﴿كِتَابَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ﴾ قَالَ : أَرْبَعُ نِسْوَةٍ وَكَذَلِكَ عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ. [صحيح]

(۱۳۸۴۸) حضرت عکرمہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے ﴿وَّ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ﴾ [النساء ٢٤] ''اور حرام کی گئی شادی شدہ عورتیں مگر جو تمہاری لونڈیاں ہیں، اللہ نے تمہارے اوپر لکھ دیا ہے۔'' کے متعلق نقل فرماتے ہیں کہ مسلمان کے لیے چار سے زائد کے ساتھ شادی کرنا جائز نہیں ہے۔ اگر کرے گا تو یہ اس کی ماں اور بہن کی طرح (حرام) ہے۔

(ب) عبیدہ سلمانی اللہ کے اس قول: ﴿كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ﴾ کے بارے فرماتے ہیں کہ اس سے مراد چار عورتیں ہیں، اس طرح حسن بصری سے بھی منقول ہے۔

(١٣٨٤٩) أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ: عَبْدُاللَّهِ بْنُ يُوسُفَ الأَصْبَهَانِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو سَعِيدِ بْنُ الأَعْرَابِيِّ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ الزَّعْفَرَانِيُّ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَتْنِي أُمُّ زَيْنَبَ أَنَّ أُمَّ سَعِيدٍ أُمَّ وَلَدِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ حَدَّثَتْهَا قَالَتْ : كُنْتُ أَصُبُّ عَلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ الْمَاءَ وَهُوَ يَتَوَضَّأُ فَقَالَ: يَا أُمَّ سَعِيدٍ قَدِ اشْتَقْتُ أَنْ أَكُونَ عَرُوسًا قَالَتْ فَقُلْتُ: وَيْحَكَ مَا يَمْنَعُكَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ: أَبَعْدَ أَرْبَعٍ قَالَتْ فَقُلْتُ : تُطَلِّقُ وَاحِدَةً مِنْهُنَّ وَتَزَوَّجُ أُخْرَى قَالَ : إِنَّ الطَّلاَقَ قَبِيحٌ أَكْرَهُهُ. [ضعيف]

(۱۳۸۴۹) ام سعید حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ام ولد تھیں فرماتی ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو وضو کروا رہی تھی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: میں شادی کرنا چاہتا ہوں۔ ام سعید کہنے لگی: میں نے کہا: اے امیر المومنین کس چیز نے آپ کو روک رکھا ہے۔ فرمانے لگے: کیا چار کے بعد بھی؟ کہتی ہیں: میں نے کہا: ایک کو طلاق دو اور کسی دوسری سے شادی کر لو۔ فرمانے لگے: طلاق بری چیز ہے میں اس کو ناپسند کرتا ہوں۔

(۱۴۲)باب الرَّجُلِ يُطَلِّقُ أَرْبَعَ نِسْوَةٍ لَهُ طَلاَقًا بَائِنًا حَلَّ لَهُ أَنْ يَنْكِحَ مَكَانَهُنَّ أَرْبَعًا

کوئی شخص اپنی چار بیویوں کوطلاق دے کر اس کی جگہ دوسری چار بیویاں کرسکتا ہے

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَحِمَهُ اللَّهُ : لأَنَّهُ لاَ زَوْجَ لَهُ وَلاَ عِدَّةَ عَلَيْهِ وَاحْتَجَّ عَلَى انْقِطَاعِ الزَّوْجِيَّةِ بِانْقِطَاعِ أَحْكَامِهَا مِنَ الإِيلاَءِ وَالظِّهَارِ وَاللِّعَانِ وَالْمِيرَاثِ وَغَيْرِ ذَلِكَ قَالَ وَهُوَ قَوْلُ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَسَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ وَعُرْوَةَ وَأَكْثَرِ أَهْلِ دَارِ السُّنَّةِ وَحَرَمِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ.

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نہ تو اس کی کوئی بیوی ہے اور نہ ہی اس کے ذمہ کوئی عدت ہے۔ زوجیت ختم ہو جاتی ہے، احکام کے منقطع ہونے کی وجہ سے۔ جیسے ایلاء ظہار، لعان، میراث وغیرہ۔

(۱۳۸۵۰) أَخْبَرَنَا أَبُو أَحْمَدَ : عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْمِهْرَجَانِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرٍ : مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُزَكِّي حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبُوشَنْجِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ وَالْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ كَانَا يَقُولاَنِ فِي الرَّجُلِ تَكُونُ عِنْدَهُ أَرْبَعُ نِسْوَةٍ فَيُطَلِّقُ إِحْدَاهُنَّ الْبَتَّةَ :أَنَّهُ يَتَزَوَّجُ إِذَا شَاءَ وَلاَ يَنْتَظِرُ حَتَّى تَمْضِيَ عِدَّتُهَا. [صحیح]

(۱۳۸۵۰) عروہ بن زبیر اور قاسم بن محمد دونوں اس شخص کے بارے میں بیان کرتے ہیں جس کے پاس چار بیویاں ہوں کہ ان میں سے ایک کوطلاق بائنہ دے دے تو وہ جب چاہے شادی کرسکتا ہے وہ اس کی عدت گزرنے کا انتظار بھی نہ کرے گا۔

(۱۳۸۵۱) أَخْبَرَنَا أَبُو الْحَسَنِ: مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي الْمَعْرُوفِ الْفَقِيهُ الْمِهْرَجَانِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو سَعِيدٍ:عَبْدُاللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوبَ أَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ فِي رَجُلٍ كَانَتْ تَحْتَهُ أَرْبَعُ نِسْوَةٍ فَطَلَّقَ وَاحِدَةً مِنْهُنَّ قَالَ :إِنْ شَاءَ تَزَوَّجَ الْخَامِسَةَ فِي الْعِدَّةِ قَالَ وَكَذَلِكَ قَالَ فِي الأُخْتَيْنِ. وَرَوَاهُ ابْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ فِيمَنْ بَتَّ طَلاَقَهَا بِنَحْوِهِ وَرُوِّينَاهُ عَنِ الْحَسَنِ وَعَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ وَبَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْمُزَنِيِّ وَخِلاَسِ بْنِ عَمْرٍو. [ضعیف]

(۱۳۸۵۱) قتادہ حضرت سعید بن مسیّب سے اس شخص کے بارے میں روایت فرماتے ہیں جس کے نکاح میں چار بیویاں تھیں، اس نے ایک کوطلاق دے دی، فرماتے ہیں: اگر وہ چاہے تو اس کی عدت کے اندر پانچویں سے شادی کر لے۔ اس طرح وہ دو بہنوں کے متعلق بھی فرماتے ہیں۔

(ب) قتادہ حضرت سعید بن مسیّب سے نقل فرماتے ہیں کہ جس کوطلاق بائنہ ہو چکی ہو۔

(۱۴۳)باب الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ بِجَارِيَةِ أُمِّهِ أَوْ بِجَارِيَةِ أَبِيهِ وَأَنَّهَا لاَ تَحِلُّ بِالإِحْلاَلِ

کوئی شخص اپنی والدہ یا والد کی لونڈی سے شادی کرے تو یہ لونڈی والدین کے حلال کرنے سے بھی حلال نہ ہوگی

(۱۳۸۵۲) أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْحَافِظُ أَخْبَرَنَا أَبُو عَمْرِو بْنُ مَطَرٍ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِى حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ : جَاءَ رَجُلٌ إِلَى ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ إِنَّ أُمِّى أَحَلَّتْ لِى جَارِيَتَهَا فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ رَضِىَ اللَّهُ عَنْهُ :إِنَّهَا لاَ تَحِلُّ لَكَ إِلاَّ بِإِحْدَى ثَلاَثٍ :هِبَةٍ بَتَّةٍ أَوْ شِرًى أَوْ نِكَاحٍ. [صحيح]

(۱۳۸۵۲) حضرت سعید بن وہب فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور کہا: میری والدہ نے اپنی لونڈی میرے لیے حلال قرار دے دی ہے تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: یہ تیرے لیے حلال نہیں ہے، لیکن تین طریقوں سے: ① ہبہ کر دے ② فروخت کر دے۔ ③ نکاح کر دے۔

(۱۴۴)باب مَا جَاءَ فِى تَسَرِّى الْعَبْدِ

غلام کا لونڈی سے شادی کرنے کا بیان

(۱۳۸۵۳) أَخْبَرَنَا أَبُو طَاهِرٍ الْفَقِيهُ أَخْبَرَنَا أَبُو عُثْمَانَ :عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَصْرِىُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ أَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ : كَانَ عَبِيدُ ابْنِ عُمَرَ يَتَسَرَّوْنَ فَلاَ يَعِيبُ عَلَيْهِمْ. [ضعيف]

(۱۳۸۵۳) حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے غلام لونڈیوں سے شادی کرتے تھے اور وہ ان پر عیب نہ لگاتے۔

(۱۳۸۵٤) وَأَخْبَرَنَا أَبُو نَصْرِ بْنُ قَتَادَةَ أَخْبَرَنَا أَبُو عَمْرِو بْنُ نُجَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبُوشَنْجِىُّ حَدَّثَنَا ابْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ رَضِىَ اللَّهُ عَنْهُمَا كَانَ يَقُولُ : لاَ يَطَأُ الرَّجُلُ وَلِيدَةً إِلاَّ وَلِيدَةً إِنْ شَاءَ بَاعَهَا وَإِنْ شَاءَ وَهَبَهَا وَإِنْ شَاءَ صَنَعَ بِهَا مَا شَاءَ . قَالَ الشَّيْخُ رَحِمَهُ اللَّهُ :قَدْ مَنَعَ الشَّافِعِىُّ رَحِمَهُ اللَّهُ الْعَبْدَ مِنَ التَّسَرِّى فِى الْجَدِيدِ وَعَارَضَ الأَثَرَ الأَوَّلَ بِهَذَا وَهَذَا إِنَّمَا قَالَهُ ابْنُ عُمَرَ فِى الْحُرِّ إِذَا اشْتَرَى وَلِيدَةً بِشَرْطٍ فَاسِدٍ. [صحيح۔ تقدم قبل الذى قبله]

(۱۳۸۵۴) حضرت نافع عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے نقل فرماتے ہیں کہ کوئی مرد لونڈی سے مجامعت نہ کرے، لیکن اس کو فروخت یا

ہبہ کرنا چاہے یا پھر اس کے ساتھ جو بھی سلوک کرے۔

شیخ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام شافعی رحمہ اللہ کے جدید قول میں غلام کی لونڈی سے شادی کی ممانعت ہے اور پہلے اثر کو پیش کرتے ہیں، حالانکہ یہ ابن عمر رضی اللہ عنہ اس آزاد شخص کے بارے میں فرماتے ہیں، جو لونڈی فاسد شرط کے ذریعہ خریدتا ہے۔

(۱۳۸۵۵) فَقَدْ رَوَاهُ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ :لاَ يَحِلُّ لِرَجُلٍ أَنْ يَطَأَ فَرْجًا إِلاَّ فَرْجًا إِنْ شَاءَ وَهَبَهُ وَإِنْ شَاءَ بَاعَهُ وَإِنْ شَاءَ أَعْتَقَهُ لَيْسَ فِيهِ شَرْطٌ. أَخْبَرَنَاهُ عَلِيُّ بْنُ بِشْرَانَ أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا ابْنُ عَفَّانَ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ فَذَكَرَهُ. [صحيح۔ تقدم قبله]

(۱۳۸۵۵) حضرت عبداللہ نافع ابن عمر رضی اللہ عنہ سے نقل فرماتے ہیں کہ کوئی شخص لونڈی سے مجامعت نہ کرے لیکن اس کو فروخت کر دے یا ہبہ کر دے۔ آزاد کر دے اس میں شرط نہیں ہے۔

(۱۳۸۵۶) أَخْبَرَنَا أَبُو طَاهِرٍ الْفَقِيهُ أَخْبَرَنَا أَبُو عُثْمَانَ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ أَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ قَالَ :زَوَّجَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا عَبْدًا لَهُ وَلِيدَةً لَهُ فَطَلَّقَهَا فَقَالَ :ارْجِعْ فَأَبَى قَالَ فَقَالَ :هِيَ لَكَ طَأْهَا بِمِلْكِ يَمِينِكَ. (ش) قَالَ الشَّافِعِيُّ رَحِمَهُ اللَّهُ فِي الْجَدِيدِ :وَابْنُ عَبَّاسٍ إِنَّمَا قَالَ ذَلِكَ لِعَبْدٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ فَقَالَ لَيْسَ لَكَ طَلاَقٌ وَأَمَرَهُ أَنْ يُمْسِكَهَا فَأَبَى فَقَالَ : فَهِيَ لَكَ فَاسْتَحِلَّهَا بِمِلْكِ الْيَمِينِ يُرِيدُ لَهُ أَنَّهَا حَلاَلٌ بِالنِّكَاحِ وَلاَ طَلاَقَ لَهُ. [صحيح]

(۱۳۸۵۶) ابو معبد فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے اپنے غلام کی شادی لونڈی سے کر دی تو اس نے طلاق دے دی۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رجوع کرو، اس نے انکار کر دیا۔ راوی کہتے ہیں کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تیری ملکیت ہے تو اس سے مجامعت کر، ان کی مراد یہ تھی کہ یہ نکاح کی وجہ سے حلال ہوگئی ہے اور طلاق کا اختیار نہیں۔

امام شافعی رحمہ اللہ اپنے جدید قول میں فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے اپنے غلام سے کہا، جس نے اپنی بیوی کو طلاق دی تھی کہ تیری طلاق نہیں، اپنی بیوی کو روکے رکھ۔ تو اس نے انکار کر دیا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا مقصد یہ تھا کہ یہ تیرے لیے نکاح کی وجہ سے حلال ہے۔ اس پر طلاق نہیں ہے۔

(۱۳۸۵۷) قَالَ الشَّيْخُ رَحِمَهُ اللَّهُ هُوَ كَمَا قَالَ فَقَدْ رَوَى عَطَاءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ :الأَمْرُ إِلَى الْمَوْلَى أَذِنَ لَهُ أَمْ لَمْ يَأْذَنْ لَهُ وَيَتْلُو هَذِهِ الآيَةَ ﴿ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلاً عَبْدًا مَمْلُوكًا لاَ يَقْدِرُ عَلَى شَيْءٍ﴾ أَخْبَرَنَاهُ أَبُو حَازِمٍ الْعَبْدَوِيُّ الْحَافِظُ أَخْبَرَنَا أَبُو الْفَضْلِ بْنُ خَمِيرُوَيْهِ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا مَنْصُورٌ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فَذَكَرَهُ وَقَدْ رُوِيَ فِي حَدِيثِ أَبِي مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَا يَدُلُّ عَلَى ذَلِكَ. [صحيح۔ اخرجه سعيد بن منصور ۸۰۰]

(۱۳۸۵۷) شیخ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت عطاء ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل فرماتے ہیں کہ اس غلام کو مالک نے اجازت بھی دی

تھی یا نہیں؟ پھر اس آیت کی تلاوت کی: ﴿ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْکًا لَّا یَقْدِرُ عَلٰی شَیْءٍ﴾ (النحل: ۷۵) ''اللہ نے ایسے غلام کی مثال بیان کی جو کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا۔''

(۱۳۸۵۸) أَخْبَرَنَاهُ أَبُو حَازِمٍ أَخْبَرَنَا أَبُو الْفَضْلِ بْنُ خَمِيرُوَيْهِ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ هُوَ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ :أَنَّ غُلاَمًا لاِبْنِ عَبَّاسٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ تَطْلِيقَتَيْنِ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا :ارْجِعْهَا فَأَبَى قَالَ هِيَ لَكَ اسْتَحِلَّهَا بِمِلْكِ الْيَمِينِ. فِي هَذَا دَلاَلَةٌ عَلَى أَنَّهُ إِنَّمَا أَمَرَ بِالرُّجُوعِ إِلَيْهَا بَعْدَ تَطْلِيقَتَيْنِ وَلاَ رَجْعَةَ لِلْعَبْدِ بَعْدَهُمَا فَكَأَنَّهُ اعْتَقَدَ أَنَّ الطَّلاَقَ لَمْ يَقَعْ حَيْثُ لَمْ يَأْذَنْ فِيهِ فَحِينَ أَبَى قَالَ هِيَ لَكَ اسْتَحِلَّهَا بِمِلْكِ الْيَمِينِ وَمَذْهَبُ الْجَمَاعَةِ عَلَى صِحَّةِ طَلاَقِهِ وَاللَّهُ أَعْلَمُ. قَالَ الشَّافِعِيُّ رَحِمَهُ اللَّهُ :إِنَّمَا أَحَلَّ اللَّهُ التَّسَرِّيَ لِلْمَالِكِينَ وَلاَ يَكُونُ الْعَبْدُ مَالِكًا بِحَالٍ قَالَ اللَّهُ تَعَالَى (ضَرَبَ اللَّهُ مِثْلاً عَبْدًا مَمْلُوكًا لاَ يَقْدِرُ عَلَى شَيْءٍ) وَذَكَرَ مَا رُوِّينَا فِي كِتَابِ الْبُيُوعِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ -ﷺ- قَالَ :مَنْ بَاعَ عَبْدًا لَهُ مَالٌ فَمَالُهُ لِلْبَائِعِ إِلاَّ أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ .

[صحيح۔ تقدم قبل الذی قبله]

(۱۳۸۵۸) ابومعبد فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا ایک غلام تھا، اس نے اپنی بیوی کو دو طلاقیں دے دیں، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: رجوع کرو۔ اس نے انکار کر دیا تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تیری ملکیت ہونے کی وجہ سے حلال ہے (یعنی نکاح کی وجہ سے)

دلالت: یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے دو طلاقوں کے بعد غلام کو رجوع کا حکم دیا لیکن اس نے انکار کر دیا تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا اعتقاد تھا کہ غلام بغیر اجازت کے طلاق نہیں دے سکتا، اس لیے تو فرمایا: یہ تمہاری ملکیت ہے (یعنی نکاح کی وجہ سے) حالانکہ ایک جماعت کا اتفاق ہے کہ اس کی طلاق درست ہے۔ واللہ اعلم

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اللہ نے مالکوں کو لونڈی سے شادی کرنا جائز رکھا ہے اور غلام فی الحال اس کا مالک نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْکًا لَّا یَقْدِرُ عَلٰی شَیْءٍ﴾ [النحل ۷۵] ''اللہ نے ایسے غلام کی مثال بیان کی جو کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا۔''

(ب) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے غلام فروخت کیا اور غلام کا مال بھی تھا تو مال فروخت کرنے والے کا ہے، الا یہ کہ خریدنے والا شرط لگا لے۔

(۱۴۵) باب نِكَاحِ الْمُحْدِثِينِ وَمَا جَاءَ فِي قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ ﴿الزَّانِي لاَ يَنْكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لاَ يَنْكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ ذَلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ﴾

دو بدعتیوں کی شادی کا حکم اور ارشاد باری تعالیٰ: ﴿الزَّانِي لَا يَنْكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ ذَلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ﴾

اور اللہ کا فرمان: ﴿الزَّانِي لَا يَنكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لَا يَنكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ ذَٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ﴾ [النور: ۳] ''زانی صرف زانیہ یا مشرکہ عورت سے نکاح کرتا ہے اور زانیہ عورت صرف زانی مرد یا مشرک سے نکاح کرتی ہے اور یہ مومنوں پر حرام کیا گیا ہے۔''

(۱۳۸۵۹) أَخْبَرَنَا أَبُو الْحُسَيْنِ: عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بِشْرَانَ أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِسْحَاقَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَمُسَدَّدٌ وَاللَّفْظُ لِعَلِيٍّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْحَضْرَمِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا: أَنَّ امْرَأَةً كَانَ يُقَالُ لَهَا أُمُّ مَهْزُولٍ وَكَانَتْ تَكُونُ بِأَجْيَادَ وَكَانَتْ مُسَافِحَةً كَانَتْ يَتَزَوَّجُهَا الرَّجُلُ وَتَشْتَرِطُ لَهُ أَنْ تَكْفِيَهُ النَّفَقَةَ فَسَأَلَ رَجُلٌ عَنْهَا النَّبِيَّ -ﷺ- أَيَتَزَوَّجُهَا فَقَرَأَ نَبِيُّ اللَّهِ -ﷺ- أَوْ أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ هَذِهِ الآيَةُ ﴿الزَّانِي لَا يَنْكِحُ إِلَّا زَانِيَةً﴾ الآيَةَ. [صحيح لغيره]

(۱۳۸۵۹) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک عورت کو ام مہزول کہا جاتا تھا، وہ لمبی گردن والی تھی، وہ زانیہ تھی۔ کوئی شخص اس سے شادی کرتا تو وہ شرط لگاتی کہ وہ اس کے خرچے کی بھی کفایت کرے گی تو اس سے شادی کے متعلق ایک شخص نے نبی ﷺ سے پوچھ لیا؟ تو نبی ﷺ نے پڑھا یا یہ آیت نازل ہوئی: ﴿الزَّانِي لَا يَنكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً﴾ (النور: ۳) ''زانی مرد زانیہ یا مشرکہ عورت سے نکاح کرتا ہے۔''

(۱۳۸۶۰) قَالَ وَأَخْبَرَنَا الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ بْنُ عَبِيدَةَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ فَذَكَرَهُ بِإِسْنَادِهِ: أَنَّ امْرَأَةً كَانَتْ تُسَمَّى أُمَّ مَهْزُولٍ وَأَنَّهَا كَانَتْ تَتَزَوَّجُ الرَّجُلَ عَلَى أَنْ يَأْذَنَ لَهَا فِي السِّفَاحِ وَتَكْفِيهِ النَّفَقَةَ فَاسْتَأْذَنَ بَعْضُهُمُ النَّبِيَّ -ﷺ- أَنْ يَتَزَوَّجَهَا قَالَ فَقَرَأَ رَسُولُ اللَّهِ -ﷺ- هَذِهِ الآيَةَ إِلَى آخِرِهَا.

(صحيح لغيره۔ تقدم قبله]

(۱۳۸۶۰) معتمر اپنی سند سے نقل فرماتے ہیں کہ ایک عورت ام مہزول تھی، وہ کسی شخص سے شادی کرتی تو اس شرط پر کہ وہ اس کو زنا کی اجازت دے۔ وہ اس شخص کا خرچہ بھی اٹھائے گی تو بعض نے نبی ﷺ سے نکاح کی اجازت طلب کی تو رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

(۱۳۸۶۱) أَخْبَرَنَا أَبُو طَاهِرٍ الْفَقِيهُ أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرٍ: مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا أَبُو الأَزْهَرِ: أَحْمَدُ بْنُ الأَزْهَرِ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ الأَخْنَسِ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ

: كَانَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ مَرْثَدُ بْنُ أَبِي مَرْثَدٍ وَكَانَ رَجُلاً يَحْمِلُ الأَسْرَى مِنْ مَكَّةَ حَتَّى يَأْتِيَ بِهِمُ الْمَدِينَةَ قَالَ وَكَانَ بِمَكَّةَ بَغِيٌّ يُقَالُ لَهَا عَنَاقُ وَكَانَتْ صَدِيقَتَهُ وَأَنَّهُ وَعَدَ رَجُلاً يَحْمِلُهُ مِنْ أَسْرَى مَكَّةَ قَالَ فَجِئْتُ حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى ظِلِّ حَائِطٍ مِنْ حَوَائِطِ مَكَّةَ فِي لَيْلَةٍ مُقْمِرَةٍ قَالَ :فَجَاءَ تْ عَنَاقُ فَأَبْصَرَتْ سَوَادَ ظِلِّي بِجَنْبِ الْحَائِطِ فَلَمَّا انْتَهَتْ إِلَيَّ عُرِفْتُ قَالَتْ :مَرْثَدٌ. قُلْتُ :مَرْثَدٌ قَالَتْ :هَلْ لَكَ أَنْ تَبِيتَ عِنْدَنَا اللَّيْلَةَ قُلْتُ :يَا عَنَاقُ قَدْ حَرَّمَ اللَّهُ الزِّنَا قَالَتْ :يَا أَهْلَ الْخِيَامِ هَذَا الرَّجُلُ الَّذِي يَحْمِلُ أَسْرَاكُمْ فَاتَّبَعَنِي ثَمَانِيَةٌ وَسَلَكْتُ الْخَنْدَمَةَ فَانْتَهَيْتُ إِلَى كَهْفٍ أَوْ غَارٍ فَدَخَلْتُهُ فَجَاءُ وا حَتَّى جَازُوا عَلَى رَأْسِي فَبَالُوا فَظَلَّ بَوْلُهُمْ عَلَى رَأْسِي وَعَمَاهُمُ اللَّهُ حَتَّى رَجَعُوا وَرَجَعْتُ إِلَى صَاحِبِي فَحَمَلْتُهُ و كَانَ رَجُلاً ثَقِيلاً حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى الإِذْخِرِ فَفَكَكْتُ عَنْهُ كَبْلَهُ فَجَعَلْتُ أَحْمِلُهُ وَيُعِيينِي حَتَّى قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ -ﷺ- فَقُلْتُ :يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنْكِحُ عَنَاقًا؟ فَأَمْسَكَ رَسُولُ اللَّهِ -ﷺ- فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ شَيْئًا حَتَّى نَزَلَتْ هَذِهِ السُّورَةُ ﴿الزَّانِي لاَ يَنْكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لاَ يَنْكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ ذَلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ﴾ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ -ﷺ- :يَا مَرْثَدُ الزَّانِي لاَ يَنْكِحُ إِلاَّ زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لاَ يَنْكِحُهَا إِلاَّ زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ.

(۱۳۸۶۱) حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے نقل فرماتے ہیں کہ ایک شخص مرثد بن ابی مرثد تھا، جو مکہ سے قیدی اٹھا کر مدینہ لایا کرتا تھا۔ ایک چاندنی رات مکہ کی دیواروں میں سے کسی دیوار کے سائے میں تھا۔ عناق نامی عورت نے میرے سائے کی سیاہی کو دیوار کی جانب دیکھ لیا۔ جب وہ میرے قریب آئی تو اس نے مجھے پہچان لیا اور کہنے لگی: مرثد! میں نے کہا: ہاں مرثد تو کہنے لگی: کیا آج رات میرے پاس گزارو گے؟ مرثد کہتے ہیں: میں نے کہہ دیا کہ اللہ نے زنا کو حرام کر دیا ہے تو اس عناق نامی عورت نے آواز دی۔ اے گھر والو! یہ شخص تمہارے قیدی اٹھا کر لے جاتا ہے۔ کہتے ہیں: ۸ اشخاص نے میرا پیچھا کیا اور میں دیوار سے سائے میں چلا، یہاں تک میں ایک غار تک جا پہنچا اور اس میں داخل ہو گیا۔ وہ آئے اور میرے سر کے اوپر سے گزر گئے۔ انہوں نے پیشاب کیا تو ان کا پیشاب میرے سر کے اوپر گرا۔ اللہ نے ان کو اندھا کر دیا، وہ واپس پلٹ گئے۔ میں نے واپس پلٹ کر قیدی کو اٹھا لیا۔ وہ بھاری شخص تھا، میں اسے لے کر اذخر تک آیا۔ میں نے اس کی بیڑی کو کھول دیا۔ میں اس کو اٹھاتا تھا وہ میری مدد کر رہا تھا۔ اس طرح میں مدینہ آیا۔ میں نے رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! کیا میں عناق سے نکاح کر لوں؟ رسول اللہ ﷺ کچھ دیر خاموش رہے اور مجھے کوئی جواب نہ دیا۔ پھر یہ سورۃ نازل ہوئی: ﴿الزَّانِي لاَ يَنكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَّالزَّانِيَةُ لاَ يَنكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ (النور: ۳) ''زانی صرف زانیہ یا مشرکہ عورت سے نکاح کرتا ہے اور زانیہ عورت صرف زانی مرد یا مشرک سے نکاح کرتی ہے اور یہ مومنوں پر حرام کیا گیا ہے اے مرثد! زانی صرف زانیہ یا مشرکہ عورت سے نکاح کرتا ہے اور زانیہ عورت صرف زانی یا مشرک مرد سے نکاح کرتی ہے۔'' (صحیح لغیرہ، تقدم قبلہ)

(۱۳۸۶۲) أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْحَافِظُ قِرَاءَةً وَأَبُو مُحَمَّدٍ :عُبَيْدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَهْدِيٍّ الْقُشَيْرِيُّ لَفْظًا قَالاَ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ :مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِى طَالِبٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ أَنَّهُ قَالَ : كُنَّ بَغَايَا مُتَعَلِّنَاتٍ أَوْ مُعْلِنَاتٍ فِى الْجَاهِلِيَّةِ بَغِيُّ آلِ فُلاَنٍ وَبَغِيُّ آلِ فُلاَنٍ فَقَالَ اللَّهُ تَعَالَى ﴿الزَّانِى لاَ يَنْكِحُ إِلاَّ زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لاَ يَنْكِحُهَا إِلاَّ زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ ذَلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ﴾ قَالَ فَأَحْكَمَ اللَّهُ مِنْ ذَلِكَ أَمْرَ الْجَاهِلِيَّةِ بِالإِسْلاَمِ. قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ :فَقِيلَ لِعَطَاءٍ أَبَلَغَكَ ذَلِكَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ :نَعَمْ. [حسن]

(۱۳۸۶۲) حضرت عطاء فرماتے ہیں کہ دور جاہلیت میں زانی عورتیں اعلان کرتی تھیں کہ وہ آل فلاں کی زانیہ عورتیں ہیں تو اللہ نے فرمایا: ﴿الزَّانِى لاَ يَنكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً وَّالزَّانِيَةُ لاَ يَنكِحُهَا اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ [النور ۳] ''زانی صرف زانیہ یا مشرکہ عورت سے نکاح کرتا ہے اور زانیہ عورت صرف زانی مرد یا مشرک سے نکاح کرتی ہے اور مومنوں پر یہ حرام ہے۔'' تو اللہ نے اسلام کے ذریعے جاہلیت کے اس فعل سے منع فرمادیا۔ ابن جریج کہتے ہیں: عطاء سے کہا گیا: یہ خبر آپ کو ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ملی ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: ہاں۔

(۱۳۸۶۳) وَأَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْحَافِظُ وَعُبَيْدٌ قَالاَ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ حَدَّثَنَا يَحْيَى أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ أَخْبَرَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ أَنَّهُ قَالَ فِى هَذِهِ الآيَةِ ﴿الزَّانِى لاَ يَنْكِحُ إِلاَّ زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً﴾ قَالَ : كُنَّ بَغَايَا فِى الْمَدِينَةِ مَعْلُومٌ شَأْنُهُنَّ فَحَرَّمَ اللَّهُ نِكَاحَهُنَّ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَهُوَ قَوْلُ قَتَادَةَ. [صحيح لغيره]

(۱۳۸۶۳) حضرت قتادہ سعید بن جبیر سے اس آیت کے بارے میں نقل فرماتے ہیں: ﴿الزَّانِى لاَ يَنكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً﴾ [النور ۳] کہ مدینہ میں زانیہ عورتوں کی شہرت تھی تو اللہ نے مومنوں کو ان سے نکاح کرنے سے منع فرمادیا۔ یہ قتادہ کے قول ہے۔

(۱۳۸۶٤) أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْحَافِظُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَسَنِ الْقَاضِى حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِى إِيَاسٍ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ أَبِى نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ :هَمَّ رِجَالٌ كَانُوا يُرِيدُونَ نِكَاحَ نِسَاءٍ زَوَانٍ بَغَايَا مُتَعَالِنَاتٍ كُنَّ كَذَلِكَ فِى الْجَاهِلِيَّةِ فَقِيلَ لَهُمْ هَذَا حَرَامٌ فَنَزَلَتْ فِيهِمْ هَذِهِ الآيَةُ فَحَرَّمَ اللَّهُ نِكَاحَهُنَّ. [صحيح لغيره]

(۱۳۸۶۴) حضرت مجاہد فرماتے ہیں کہ کچھ انسان دور جاہلیت کی مشہور زانیہ عورتوں سے نکاح کا ارادہ رکھتے تھے تو ان سے کہا گیا کہ یہ حرام ہیں۔ ان کے بارے میں اللہ نے یہ آیت نازل کردی کہ اللہ نے ان سے نکاح کو حرام قرار دیا ہے۔

(۱۳۸٦٥) أَخْبَرَنَا أَبُو نَصْرِ بْنُ قَتَادَةَ أَخْبَرَنَا أَبُو مَنْصُورٍ النَّضْرَوِيُّ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ نَجْدَةَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِى يَزِيدَ :أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ (الزَّانِى لاَ يَنْكِحُ إِلاَّ زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً) قَالَ :

ذَلِكَ حُكْمٌ بَيْنَهُمَا. قَالَ الشَّافِعِيُّ رَحِمَهُ اللَّهُ وَرُوِىَ عَنْ عِكْرِمَةَ أَنَّهُ قَالَ : الزَّانِى لاَ يَزْنِى إِلاَّ بِزَانِيَةٍ أَوْ مُشْرِكَةٍ وَالزَّانِيَةُ لاَ يَزْنِى بِهَا إِلاَّ زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ يَذْهَبُ إِلَى أَنَّ قَوْلَهُ يَنْكِحُ يُصِيبُ. [صحيح]

